اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

## یومیہجدول برائے خصوصی اسلامی بہنوں میں مدنی کام کی ترکیب

| نمبر شمار | رسالہ: گونگے بہروں کے بارے میں سوال جواب، کتاب: پردے کے بارے میں سوال جواب | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | رسالہ: گونگے بہروں کے بارے میں سوال جواب میں ہیڈنگ "درود شریف کی فضیلت" سے لے کر "تو اس کا یہ عمل حرام ہوگا" تک۔ | 2تا5 |
| 2 | رسالہ: گونگے بہروں کے بارے میں سوال جواب میں ہیڈنگ "امامت" سے لے کر "صرف عورتیں یا بچے ہوں تو نہیں" تک۔ | 5تا10 |
| 3 | رسالہ: گونگے بہروں کے بارے میں سوال جواب میں ہیڈنگ "حج کا بیان" سے لے کر "صلوا علی الحبیب" تک۔ | 10تا15 |
| 4 | رسالہ: گونگے بہروں کے بارے میں سوال جواب میں ہیڈنگ "طلاق کا بیان" سے لے کر "تو واجب نہ رہا" تک۔ | 15تا18 |
| 5 | رسالہ: گونگے بہروں کے بارے میں سوال جواب میں ہیڈنگ "لعان کا بیان" سے لے کر "انجمن میں رہ گیا" تک۔ | 19تا22 |
| 6 | "خصوصی اسلامی بہنوں میں مدنی کام کرنے والی اسلامی بہنوں کے لیے دورانِ مدنی کام اختیار کی جانے والی احتیاطیں" مکمل پڑھ کر سنایا جائے۔ (یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے) | ---- |
| 7 | "مبلغہ کے مدنی پھول" مکمل پڑھ کر سنایا جائے۔ (ریکارڈ فائل میں موجود ہے) | ---- |
| 8 | "نیکی کی دعوت کے مدنی پھول" اور "ہفتہ وار اجتماع کے مدنی پھول"، "ابتدأً مدنی کام شروع کرنے کا طریقہ" نیز مدنی ماحول میں لانے کا طریقہ" اور "درس و بیان کی اختتامی ترغیب" مکمل پڑھ کر سنایا جائے۔ (یہ تمام پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہے) | ---- |
| 9 | کتاب پردے کے بارے میں سوال جواب میں ہیڈنگ "اسلامی بہنوں کا اجتماع کرنا کیسا" سے لے کر "حاصل ہو جائے تو سونے پر سہاگا" تک مکمل پڑھ کر سنایا جائے۔ | 247تا251 |
| 10 | کتاب پردے کے بارے میں سوال جواب میں ہیڈنگ "غیر عالم کے بیان کا طریقہ" سے لے کر "لاحول ولا قوۃ الا باللہ" تک۔ | 251تا254 |
| 11 | کتاب پردے کے بارے میں سوال جواب میں ہیڈنگ "اسلامی بہنیں مائیک استعمال نہ کریں" سے لے کر "جوش آیا اور کام ہو گیا" تک۔ | 254تا259 |



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

## خصوصی (گونگی بہری اور نابینا) اسلامی بہنوں میں مدنی کام کرنے والی اسلامی بہنوں کے لئے دوران مدنی کام اختیار کی جانے والی احتیاطیں

﴿1﴾ شوریٰ کے مدنی پھولوں میں سے ایک یہ بھی ہے کہ دعوت اسلامی کے مختلف شعبہ جات میں مدنی انقلاب برپا کرنے کے لئے ایسے اسلامی بھائیوں کی ضرورت ہے جو مختلف شعبہ جات میں مہارت رکھتے ہیں۔

﴿2﴾ خصوصی اسلامی بہنوں سے کبھی بھی وعدہ خلافی نہ کریں ہمیشہ وقت کی پابندی کیجئے۔

﴿3﴾ ہفتہ وار اجتماع کے لئے بیانات کی بھرپور تیاری ہونی چاہیئے ترغیب دلانا مگر خود عمل نہ کرنا مدنی کام کو متاثر کر سکتا ہے۔

﴿4﴾ اسلامی (بہن) کے پاس سکھانے، بتانے اور سمجھانے کا مواد ہونا بے حد ضروری ہے۔

﴿5﴾ خصوصی اسلامی بہنوں کی موجودگی میں (خواہ ایک ہی کیوں نہ ہو) عمومی اسلامی بہنوں کو وقت دینا اور خصوصی اسلامی بہنوں کو نظر انداز کرنا بھی مدنی کام پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔

﴿6﴾ بے تکلف ہونا مذاق مسخری کرنا یا اپنے سامنے کسی کو ان (یعنی خصوصی اسلامی بہنوں) کے ساتھ مذاق مسخری کرتا دیکھ کر منع نہ کرنے سے بھی مدنی کام متاثر ہو سکتا ہے۔

﴿7﴾ آپ کے پاس آنے والی خصوصی اسلامی بہنوں آپ کے پاس پہلی مرتبہ آئیں گی مگر اس سے پہلے بھی عین ممکن ہے کہ وہ کسی نہ کسی تنظیم یا تحریک کے ساتھ منسلک ہوں یا ان کے پاس کوئی اور بھی دعوت لے کر آتی ہو گی اس سے ان کے ذہنوں میں طرح طرح کے سوالات پیدا ہوتے ہیں جن کا اظہار وہ آپ سے کریں گی آپ ہمیشہ مثبت انداز کیجئے کیونکہ دعوت اسلامی کا بنیادی مقصد قرآن و سنّت کی تعلیمات کو دنیا کے لوگوں تک اس طرح پہنچانا ہے کہ مبلغین خود بھی سنتوں سے آراستہ رہیں، اور مظاہرانہ رد کو ماہر فن علماءِ اہلسنت پر چھوڑ کر تبلیغ اشاعت کا کام کرتے رہیں۔

﴿8﴾ اختلافی سولات کے جوابات سے بچتے ہوئے پانچ وقت کی نماز پڑھنے اور والدین کی اعاعت کی ترغیب دلائیں۔ ان کو سولات کرنے کی عادت ہوتی ہے ان سے بیزار نہیں ہونا چاہیئے۔ آپ کے چہرے سے ذرا سی بے زاری کا اظہار ان کو آپ سے دور کر سکتا ہے۔

﴿9﴾ اگر آپ کسی عمومی اسلامی بہن سے گفتگو کر رہی ہوں اور یہ آپ سے کچھ معلوم کریں تو فوراً ان کو مطمئن کرنے کی کوشش کریں عموعی اسلامی بہن سے اس وقت معذرت کر لیں ان خصوصی (گونگی بہری اور نابینا) کو نظر انداز کرنا نقصان دہ ہو گا۔

﴿10﴾ دوران اجتماع ایسی اسلامی بہنیں جنکو یہ زبان نہیں آتی ان میں ہمدردی کا جذبہ تو ہے مگر ان کی گفتگو سے ڈیف اسلامی بہنوں میں بعض اوقات چڑچڑا پن بھی پیدا ہو جاتا ہے اس پر بھی نظر رکھیں کوئی عمومی اسلامی کسی خصوصی (گونگی بہری اور نابینا) اسلامی بہن کو تنگ نہ کرے۔ فوری طور پر ان کو ہر چیز کا پابند نہ کیا جائے ورنہ یہ آپ کے قریب آنے سے گریز کریں گی۔ فرمانِ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ ترغیب دلانے کے لئے سراپا ترغیب بن جائیے۔

# مبلغہ کے مدنی پھول

☆جو اسلامی بہن بھی دو یا اس سے زائد ہفتے بیان نہیں کریں گی وہ جب بھی بیان کرنے کے لئے کھڑی ہو گی ان کے ہاتھ ان کا ساتھ نہیں دیں گے۔(وہ بیان کرنے میں ہچکچاہٹ محسوس کریں گی)

☆جو اسلامی بہن جتنا ان کے ساتھ رہیں گیا تنا ہی ان کے ہاتھ مضبوط ہوں گے۔(یعنی اشاروں میں بہتری آئے گی)

☆بیان سے قبل ان باتوں کا خیال رکھنا بے حد ضروری ہے۔

☆لباس صاف ستھرا اور مناسب انداز کا ہو۔

☆اگر پسینے کی بو آرہی ہو تو اُسے دور کریں۔

☆دوپٹہ ،اسکارف وغیرہ اچھی طرح اوڑھا ہوا ہو۔

☆ہاتھ اور پاؤں کے ناخن بھی کٹے ہوئے ہوں۔ نیل پالش ہر گز نہ لگی ہو۔

☆شلوار کے پائنچے بھی ٹخنوں کے نیچے ہوں۔

☆جو چادر، اسکارف، مدنی برقع وغیرہ استعمال میں ہو وہ دھلا ہوا اور بد بو سے پاک ہو۔

☆ابتدأً جو بیان کرنا ہو اسے کسی پڑھی لکھی ڈیف اسلامی بہن یا اپنے محرم (خصوصی کورس کیے ہوئے) کے سامنے کر کے دکھائیں نیز شیشے کے سامنے بھی بار بار مشق کریں۔(آیندہ ہفتے جو بیان کرنا ہو کسی ڈیف اسلامی بہن سے وقت لے لیں اور انہیں یہ بیان کر کے دکھائیں)

☆اپنا بیان درست انداز میں کرنے کی غرض سے کسی باصلاحیت خصوصی (گونگی ،بہری) اسلامی بہن کو اپنا اشاروں کر کے دکھایا جائے اور پھر ان سے بھی کروایا جائے اس طرح دونوں ہی اچھی مبلغہ بن سکتی ہیں۔

☆ہر بیان کی کم از کم 3 بار مشق کریں۔

☆بیان کا موضوع ایک ہی ہونا چاہیئے مثلاً والدین کی اطاعت پر بیان کرنا ہے تو اول تا آخر اس ایک موضوع پر ہی بیان ہو۔ یہ چھوٹی چھوٹی مثالوں سے بہت جلد سمجھ جاتی ہیں۔

☆شروع میں چھوٹے، آسان اور دلچسپ بیانات کا انتخاب کیا جائے۔

☆بیانات کرنے کے لئے ڈائری بنائیں اس میں مختصر انداز میں بیانات لکھیں۔واقعات اور حکایات کو ترجیح دیں۔

☆ڈائری اپنے سامنے نہیں بلکہ ایک طرف رکھیئے۔

☆اشاروں میں جب تک عبور حاصل نہ ہو جائے ہونے والے بیان کی ہر گز ترجمانی نہ کریں۔

☆کسی بھی قرآنی آیت کا ترجمہ ، تفسیر کی ترجمانی کی اجازت نہیں۔☆حدیث مبارکہ بیان کرتے وقت مفہوم کا اشارہ لازمی کریں۔



# نیکی کی دعوت کے مدنی پھول

☆دعوت اسلامی کے مدنی کام کی روح انفرادی کوشش اور انفرادی کوشش کی روح ملنساری (خوش اخلاقی) ہے اس کو ہمیشہ ذہن نشین رکھیں۔☆سب سے پہلے کسی ایک خصوصی (گونگی، بہری نابینا) اسلامی بہن سے رابطہ قائم کریں اس سے معلومات لے کر دیگر خصوصی (گونگی، بہری نابینا) اسلامی بہنوں تک رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔☆خوشی یا غمی کے موقع پر خصوصی (گونگی، بہری نابینا) اسلامی بہنوں کی ایک بہت بڑی تعداد جمع ہو جاتی ہیں یہ نیکی کی دعوت اور انفرادی کوشش کا ایک بہترین موقع ہوتا ہے۔اس سے بھرپور فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ ممکن ہو تو مختصراً بیان کی ترکیب ضرور بنائیں۔☆نیکی کی دعوت کے بعد ہفتہ وار اجتماع اور اختتام پر سب کے لئے ہاتھ اٹھا کر (اشاروں میں) دعا کی ترکیب بنائیں۔ دعا کے بعد اگر وہ خیر خواہی کی ترکیب کریں تو احسن طریقے پر منع کر دیں لیکن اصرار کرنے پر ترکیب بنالیں مگر زیادہ وقت ان کے ساتھ نہ بیٹھیں۔☆خیر خواہی سے بہت ہی زیادہ خوش ہوتی ہیں وقت اور موسم کے اعتبار سے ممکن ہو تو خیر خواہی کی ترکیب ضرور بنائیں۔☆ خیر خواہی کے دوران بااثر خصوصی (گونگی، بہری نابینا) اسلامی بہنوں پر انفرادی کوشش جاری رکھیں اگر وہ ماحول سے وابستہ ہو جائیں گی تو سب ترکیب میں آجائیں گی۔☆رخصت ہونے سے قبل امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے رسائل بطورِ تحفہ پیش کریں۔☆sms کے ذریعے ان سے رابطہ رکھیں۔

# ہفتہ وار اجتماع کے مدنی پھول

☆ خصوصی (گونگی، بہری نابینا) اسلامی بہنوں کا ہفتے میں ایک دن ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع منعقد کیا جائے۔(جس دن اور جس مقام پر عمومی اسلامی بہنوں کا ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع ہوتا ہے اسی دن اسی مقام پر بھی علیحدہ جگہ پر ترکیب بنائی جاسکتی ہے)☆اجتماع کے لئے جس سامان کی ضرورت ہو وہ موجود ہونا چاہیئے مثلاً پیچھے لگانے کا پردہ، بینر وغیرہ☆ ہر بیان میں تذکرہ امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ ضرور ہو۔☆ خصوصی (گونگی، بہری نابینا) اسلامی بہنوں کو بیانات کی تیاری کروائیں، وقتاً فوقتاً ان کو بیان کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی بھی فرمائیں۔☆ ہر اجتماع میں بیعت کا ذہن دیا جائے اگر بیعت کی ترکیب ہو تو اشاروں میں کروائیں۔☆ دعا ہمیشہ مضبوط اشاروں والی مبلغہ سے کروائیں۔☆اجتماع کے بعد سنتیں سیکھنے سکھانے کا حلقہ ضرور قائم کیا جائے۔(دورانیہ کم از کم 5 منٹ)☆ حلقوں کے بعد خیر خواہی کی ترکیب لازمی کریں۔☆اجتماع کے اختتام پر ہر ایک سے خوش اخلاقی سے ملاقات کریں۔☆کسی مخصوص اسلامی بہن سے ہی نہیں بلکہ سب کے ساتھ یکساں تعلقات رکھیں۔☆انفرادی کوشش میں ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع کی پابندی سے شرکت کا ذہن دیں ☆ہو سکے تو نام، گھر کا پتہ اور موبائل فون ہو تو اس کا نمبر بھی لے لیں تاکہ رابطہ کرنے میں آسانی ہو۔

## ابتداً مدنی کام شروع کرنے کا طریقہ نیز مدنی ماحول میں لانے کا طریقہ

☆دعوت اسلامی کا مدنی کام کرنے کے لئے ضروری ہے کے آپ مدنی کام کرنے کا جذبہ رکھتی ہو۔

☆جو کام اخلاص، حسن نیت، جذبے اور لگن کے ساتھ کیا جائے اللہ عزوجل اس میں ترقی عطا فرماتا ہے۔

☆اپنے شہر، علاقے میں جانے کے بعد کسی پڑھی لکھی اور سلجھی ہوئی خصوصی (ڈیف) اسلامی بہن جس کے اشارے مضبوط ہو اس کے ساتھ اپنے رابطے کو مضبوط بنائیں جو شرعی اور تنظیمی طور پر نقصان دہ نہ ہو۔

☆اس پر اکثر انفرادی کوشش جاری رکھیں اسے با عمل بنانے کی کوشش جاری رکھیں۔

☆وقتاً فوقتاً چائے بسکٹ سے اس کی خیر خواہی کریں مگر اپنی خیر خواہی کی ترکیب نہ کروائیں۔

☆ان کی والدہ، بہنوں اور دوستوں وغیرہ سے رابطہ رکھیں اس طرح انہیں مدنی ماحول میں لانے میں آسانی ہو گی

☆ان کی نفسیات کو جاننے کی کوشش کرتی رہیں ان کی نفسیات جتنا جانے گی اتنا ہی مدنی کام بڑھے گا۔

☆یہ اسلامی بہنیں توجہ چاہتی ہیں جو بھی انہیں شفقت اور وقت دے گی یہ اس کی اطاعت کرنے لگتی ہیں یہ بھی عزت نفس رکھتی ہیں آپ کی ان کو عزت دینے سے یہ آپ کی گرویدہ ہو جائیں گی۔ لیکن انہیں اپنا گرویدہ نہین بلکہ ان کے دلوں میں خوف خدا عزوجل، عشق مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلم اور امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ پیدا کرنے کی سعی کرنی ہے۔

☆آپ کی تھوڑی سی شفقت و توجہ انہیں دعوت اسلامی والی بنا سکتی ہے۔

☆شروع شروع میں کبھی نیند، کبھی آرام اور کبھی وقت کی قربانی دینی ہو گی۔

☆آپ کی تھوڑی سی قربانی دعوت اسلامی اور آپ کی آخرت کے لئے نہایت فائدہ مند رہے گی۔

☆ان کو دعوت اسلامی والی بنانے کے لئے ضروری ہے کہ ان کی صحبت کو اپنایا جائے۔

☆وقتاً فوقتاً ان کو نماز پنجگانہ، والدین کی اطاعت اور پردہ کی اہمیت پر ترغیب دلاتی رہیں۔

☆ہمیشہ سنجیدگی کا دامن تھامے رہیئے۔ مذاق بالخصوص ڈیف سے کبھی نہ کیا جائے ورنہ آپ کا وقار جاتا رہے گا۔

☆ان سے جہاں بھی ملاقات ہو ہمیشہ ملنساری اور حسن اخلاق کا مظاہرہ کریں۔

☆اشارے جاننے والی اسلامی بہن جتنے احسن انداز سے یہ کام کر سکتی ہے کوئی دوسری اسلامی بہن نہیں کر سکتی۔

☆ان کے حوالے سے کوئی بھی کام کرنے سے پہلے اپنی ذمہ دار سے اجازت اور کام سے متعلق مدنی پھول طے کر کے ان سے مشورہ ضرور کر لیں۔



☆احتیاط۔۔۔ان کے گھریلو مسائل / معاملات مثلاً آپس کی لڑائی، رشتے کروانا وغیرہ میں قطعاً شامل نہ ہوں ورنہ آپ مدنی کام نہیں ان کے معاملات ہی حل کرتی رہیں گی۔

☆مگر ان کے خاص مواقعوں پر مثلاً شادی، دعوت یا فوتگی وغیرہ میں ضرور شرکت کریں۔ ممکن ہو تو دیگر ذمہ دار اسلامی بہنوں کو بھی اپنے ساتھ لے کر جائیں تو ان کو خوشی ہو گی۔ مگر شادی کی دعوت میں ان کی اجازت کے بغیر نہ جائیں۔

☆مدنی کام کرنے والی عمومی اسلامی بہنوں کا مدنی مشورہ وقتاً فوقتاً ہو جس میں وہ درپیش مسائل بیان کریں یوں ایک دوسرے کی اصلاح کا سامان بھی ہوتا رہے گا۔

## درس وبیان کی اختتامی ترغیب

میٹھی میٹھی اسلامی بہنو!! الحمدللہ عزوجل تبلیغ و قرآن و سنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوت اسلامی کے مہکے مہکے مدنی ماحول میں بکثرت سنتیں سیکھی اور سکھائی جاتی ہیں ہر بدھ کو (۔۔۔اجتماع کا مقام اور وقت۔۔۔) ہونے والے سنتوں بھرے اجتماع میں اچھی اچھی نیتوں کے ساتھ شرکت کرنے کی مدنی التجا ہے الحمدللہ عزوجل سنتوں بھرے اجتماع میں گونگی، بہری اسلامی بہنیں بھی شریک ہوتی ہیں۔ ان کا حلقہ بھی لگایا جاتا ہے اور ہمیں چاہیئے کہ ہفتہ وار سنتوں بھرے اجتماع میں شرکت کریں اور روزانہ فکر مدینہ کر کے ہر ماہ کی ابتدائی دس تاریخ کہ اندر اندر مدنی انعامات کا رسالہ اپنے یہاں کی ذمہ دار کو جمع کروانے کا معمول بنائیں اس کی برکت سے پابند سنت بننے، گناہوں سے نفرت کرنے اور ایمان کی حفاظت کے لئے کڑھنے کا ذہن بنے گا۔

ہر اسلامی بہن اپنا یہ ذہن بنائے کہ " مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے " ان شاء اللہ عزوجل